SCUOLA SECONDARIA DI PRIMO GRADO

# مڈل کے بچوں کیلئے فیملیز کیلئے کورونا وائرس کی وباء سے متعلق چند اہم معلومات

## سکول میں واپسی کیلئے قوانین

بچوں/ بچیوں/ نوجوانوں/ والدین اور دیگر بڑوں کو سکول میں داخل اور حاضر ہونے کیلئے ضروری ہے۔ کہ

(1) کھانسی، گلے کی سوزش، سانس کی دشواری نہ ہو، یا بخار 37.5 سینٹی گریڈ سے زیادہ نہ ہو۔ اور پچھلے تین دِن تک یہ علامات ظاہر نہ ہوئی ہوں۔

(2) پچھلے چودہ دنوں میں کوآرانٹائن یا بیماری کی وجہ سے گھر میں آئسولیشن میں نہ رہا ہو۔

(3) پچھلے چودہ (14) دنوں میں ایسے افراد سے ملاقات نہ ہوئی ہو جو کورونا وائرس کی وباء سے پوزیٹو ہوئے ہوں۔

## سکول جانے سے پہلے گھر میں ان چیزوں کو مدِ نظر رکھیں

چیک کریں کہ آیا کہ آپ کے بچے/ بچی کو گلے میں درد یا بیماری کی دوسری علامات تو نہیں ہیں۔ جیسے کہ

- کھانسی، اسہال، سردرد، قے (اُلٹی آنا)، یا پٹھوں میں درد۔ اگر بچے/ بچی کی صحت ٹھیک نہ ہو، اور وہ سکول نا جا سکتا ہو تو فوراً ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔
- روزانہ صبح بچے/ بچی کا بخار چیک کریں اگر 37.5 سینٹی گریڈ سے زیادہ ہو تو وہ سکول نہیں جا سکتا۔
- اگر سکول میں آپ کے بچے/ بچی کی طبیعت خراب ہو تو سکول کو ایسے افراد کے بارے میں بتایا جائے جن کے ساتھ سکول والے رابطہ کر سکیں اور آگاہ کر سکیں۔ ایسے افراد کا نام، گھر کا فون نمبر، موبائل نمبر، یا کوئی اور معلومات جن سے ان افراد کے ساتھ جلد سے جلد رابطہ ہو سکے۔ ایک ایسے نوجوان فرد کو ضرورت کے وقت ہمیشہ دستیاب رہنا چاہیئے جو کہ ضرورت کے وقت سکول پہنچنے کے قابل ہو۔
- چیک کریں کہ بچہ/ بچی کے سکول بیگ میں اس دن کی مطابقت کے مضامین کا میٹیریل جو ضروری ہے وہ بیگ میں رکھا ہوا ہے۔ ہر بچہ/ بچی صرف اپنا ہی سامان استعمال کرے گا اور ہر دِن گھر لے کر جائے گا۔

## اپنے بچوں/ بچیوں کو صفائی اور جراثیم سے محفوظ رہنے کا طریقہ کار سکھائیں

ہاتھ دھونے کا درست طریقہ اپنے بچوں کو سکھایئے کہ کب اور کیسے ہاتھ دھونے ہیں مثلاً

- فوراً جب گھر واپس آئیں، کھانسی یا چھینک آنے کے بعد، کھانا کھانے سے پہلے اور بعد میں، واش روم استعمال کرنے کے بعد اور انہیں سمجھائیں کہ یہ سب کتنا ضروری ہے۔
- اُن کو بتائیں کہ کبھی بھی ٹونٹی (نل) سے ڈائریکٹ پانی نہ پیئیں۔ ہر بچہ گھر سے اپنی پانی کی بوتل لائے اور اپنی بوتل کی نشانی بھی یاد رکھے۔
- بیگ میں ٹشو پیپر کا ایک اضافی پیکٹ رکھیں اور اُن کو بتائیں کہ ٹشو پیپر استعمال کرنے کے بعد فوراً پھینک دیں۔
- اپنے بچوں کو ان تمام قوانین پر عمل کرنے کی ہدایت کریں (جیسا کہ ہاتھ دھونا تاکہ جراثیم سے دور رہے، ہاتھ دھوئے بغیر منہ پے ہاتھ نہ لگائے، ماسک درست طریقہ سے پہننا، اپنے ہم جماعت بچوں سے کم از کم ایک میٹر کا فاصلہ رکھنا، بچے/ بچیاں بھیڑ سے بچیں، سکول کے اندر اور سکول کے باہر بھی، اِن سب ہدایات کا ہر صورت احترام کریں۔ اُس وقت بھی جب آپ کوئی چیک نہ بھی کر رہا ہو۔
- ماسک کو باقاعدگی سے تبدیل کرے اور بیگ میں ایک اضافی ماسک ڈبے میں رکھے۔
- ماسک کا صحیح طریقے سے استعمال کرے (ناک، منہ کو ڈھانپ کر رکھے) اور کانوں پر صحیح طرح سے مضبوط رکھے، ماسک صاف اور جراثیم سے پاک ہو۔
- اگر آپ کے بچے کپڑے کے ماسک استعمال کرتے ہیں تو اُنہیں لازمی طور پر اُن کی شناخت ہونی چاہیئے تاکہ دوسرے بچوں کے ماسک سے مِکس نہ ہو جائیں۔
- اپنے بچوں کو بتائیں کہ ہمیشہ اپنا سامان (پین، کتابیں یا پانی کی بوتل) استعمال کریں۔ اپنا سامان نہ ہی کسی کو دے اور نہ ہی کسی دوسرے بچے/ بچی سے سامان مانگے۔ یہ ہدایات بچوں کی حفاظت کیلئے ہیں نہ کہ خود غرضی سمجھا جائے۔

## سکول کے قوانین جِن کا احترام کرنا ہے جو کہ سب کی حفاظت اور بہتری کیلئے ہیں

- سکول کے باہر ماسک پہن کر گھنٹی کے بجنے کا انتظار کریں اور گیٹ پر دی گئیں ہدایات اور اشاروں پر عمل کریں۔
- بچوں/ بچیوں کو سکول چھوڑنے کیلئے والدین میں سے صرف ایک فرد یا ایک نوجوان فرد آئے جس کیلئے ماسک کا ستعمال کرنا لازمی ہوگا جتنی دیر تک وہ گھنٹی بجنے کا انتظار کرے گا۔
- بچوں/ بچیوں کو داخلہ اور باہر جانے والے راستوں کیلئے دیئے ہوئے دیئے گئے اشاروں/ ہدایات پر عمل پیرا ہونا ہوگا تاکہ وہ اپنے کلاس روم میں داخل یا باہر آسکیں۔
- والدین کا سکول میں داخل ہونا منع ہوگا۔

وائرس کی وجہ سے صحت کے مسائل

اپنے بچے کی صحت سے متعلق خصوصی حالات کے لئے/ ہیڈ ماسٹر سے رابطہ کریں۔